Rapid Translate
RapidTranslate.org
support@rapidtranslate.org
(844) 473-7832
ata
Member # 274316

# CERTIFICATION OF TRANSLATION ACCURACY

We, RapidTranslate, a professional translation services company with a corporate membership to the American Translators Association, hereby certify that a qualified, experienced and competent professional translator has translated the provided original document to the best of the translator's abilities. In our best judgement, the translated documents and text therein are a true and accurate translation, which reflect the original content, meaning and style of the originally provided document(s). RapidTranslate has no relation to the client or original owner of provided documents.

This is to certify the correctness of the translation only. RapidTranslate makes no claims, representation, guarantees, or warranties concerning the authenticity of the original document translated. Further, RapidTranslate disclaims any and all liability for the manner in which the translation is used by the customer or any third party, including end-users of the translation.

A copy of the translation is attached to this certification.

RAPID TRANSLATE CERTIFIED ATA # 274316

Sincerely,
Authorized Representative
RapidTranslate.org

18117 Biscayne Blvd Suite #2183
Miami, Florida 33160

Rapid Translate
RapidTranslate.org
support@rapidtranslate.org
(844) 473-7832
ata
Member # 274316

# CERTIFICATION BY TRANSLATOR

I, Iurie Tirdea, certify that I am competent to translate in the English and Urdu languages, and that the above/attached document is a complete and accurate translation of the above/attached document.

**NAME (Print legibly):** Iurie Tirdea

**SIGNATURE:** ______________________

## حِصّہ نمبر 1 کا 3

گیری:

عزیز دوست، میرا نام گیری ہے، اور مُجھے خُوشی ہے کہ آپ کو یہ ویب سائٹ مل گئی۔ مَیں نے بِیس (20) سال سے زائد عرصے تک ایک پادری کے طور پر خدمت کی۔ اور اُس کے بعد مَیں نے "آئی ایم آ واچ مین منسٹری" کے ساتھ کام کرنا شروع کیا۔ مَیں اس بات پر یقین نہیں کرتا کہ آپ کو یہ ویب سائٹ یا آپ نے یہ ویڈیو حادثاتی طور پر دیکھی۔ آپ اس ویڈیو کو اس لیے دیکھ رہے ہیں کیونکہ خُدا کی رُوح آپ کو اس تک لے آئی ہے۔ اور اُس کے فضل سے، اب آپ کو دائمی زندگی میں ایک اور موقع مِلا ہے۔ مَیں یہ فرض کررہا ہُوں کہ آپ یہ ویڈیو اس لیے دیکھ رہے ہیں کیونکہ ایک ناقابلِ پیش بین واقعہ رُونما ہُوا ہے۔

اگر ہر مُلک، ہر نسل، ہر معاشرتی و معاشی پس منظر سےب تعلق رکھنے والے لاکھوں لوگ اچانک گُم ہوجائیں، تو آپ جاننا چاہیں گے کہ کیا ہُوا، اب کیا کرنا چاہئیے اور کیا ہونے والا ہے۔ یہ تین حِصّوں پر مُشتمل پیغام کا پہلا حِصّہ ہے جس کا عُنوان "ریپچر کے بعد ہنگامی پیغام" ہے۔ اب مُجھے شیئر کرکے آغاز کرنے دیں، یہاں اہم سوالات کے مُختصر اور طویل جوابات ہیں کہ کیا ہُوا ہے اور اب کیا کرن چاہئیے اور کیا ہونے والا ہے۔

تو مَیں "آئی ایم آ واچ مین منسٹری" کا بانی ہُوں۔ اسکاٹ اور مَیں نے تین مُختصر 10-منٹ طویل آڈیو فائلز فراہم کی ہیں جو ان سوالات کے جوابات دیں گی۔ اور پھر ہم آپ کی 24 گیگابائٹس سےزائد کی تقلیدی معلومات کے مُفت ڈاؤن لوڈ کی جانب نشاندہی کریں گے۔ وہ کتابیں، دستاویزات اور ویڈیوز جن کو ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے ہم آپ کو دعوت دیں گے، وہ ثابت کریں گی کہ ان تین آڈیو فائلز میں موجود مُختصر جوابات درست ہیں۔ ان معلومات میناس حوالے سے تجاویز شامل ہوں گی کہ اب کیا کرنا چاہئیے، اور یہ اس حوالے سے آگاہی فراہم کرے گا کہ کیا ہونے والا ہے۔ مگر سب سے اہم بات یہ ہے کہ یہ معلومات یہ بتائیں گی کہ تاریخ میں اس اہم موڑ پر خُدا کے لیے ایک عزّت دار زندگی کیسے گُزاری جائے۔ ضرورت کے اس عظیم وقت میں یہ آپ کے لیے ہمارا تحفہ ہے تاکہ آپ کی مدد کی جائے۔ مُجھے اسکاٹ کا تعارف کرنے دیں۔ وہ آپ کو مُختصر طور پر بتائیں گے کہ کیا رُونما ہُوا ہے۔

اسکاٹ:

شُکریہ، گیری۔ بہت سی عیسائی منسٹریز، بشمول ہماری منسٹری، نے اُس دن کے بارے میں اندازہ لگایا ہے جب خبروں کی شہ سُرخیاں ان کہانیوں سے بھری ہوں گی کہ کس طرح دُنیا بھر میں لاکھوں افراد اچانک غائب ہوگئے۔ ان غائب ہونے کے واقعات کو لائیو ٹی وی، اسٹریمنگ سیکیورٹی کیمروں اور موبائل فُونز پرپکڑا جائے گا، جس سے تمام دُنیا حیرت زدہ رہ جائے گی۔ آپ اپنے سامنے ایک فرد کو بالکل واضح دیکھیں گے، ایک ملی سیکنڈ میں، اور پھر آنکھ جھپکتے ہی، وہ جاچُکا ہوگا۔ ہم نے خطردار کیا ہے کہ ایک دن بہت جلد جہاز نیچے گِرجائیں گے، ٹرینیں پٹڑی سے اُتر جائیں گی، گاڑیاں تباہ ہوجائیں گی اور بُنیادی خدمات، مداخلت کا شکار ہوجائیں گی کیونکہ یقین کرنے والے لوگ جو جہاز اُڑا رہے ہوں گے یا ٹرین چلا رہے ہوں گے یا گاڑی چلا رہے ہوں گے، وہ غیرمتوقع انداز میں غائب ہوگئے۔ ہم نے خبردار کیا کہ جب لاکھوں لوگ غائب ہوں گے تو بڑے پیمانے پر افراتفری اور پریشانی ہوگی، اور کیا ہوا ہے، اس بارے میں بہت سی من گھڑت وضاحتیں اُبھرنا شروع ہوجائیں گی۔ شاید آپ کو عیسائیوں کی جانب سے تنبیہیں یاد ہوں جنہوں نے ایک آنے والے ریپچر کی بات کی تھی، ایک یادگار موقع جب مسیح دوبارہ پیدا ہوکر دوبارہ واپس آئیں گے اور زمین پر آنے والے ہولناک حساب اور مُشکلات کے آنے سے قبل یسوع مسیح کے پیروکاروں کو لے جائیں گے۔

اگر لاکھوں لوگ اچانک دُنیا بھر سے غائب ہوگئے تو وہ ایک عرصے سے قیاس کیا جانے والا واقعہ بلاشُبہ رُونما ہوچکا ہے۔ انجیل نے بہت پہلے یہ سکھایا تھا کہ ایک دن مسیح لوٹ کر آئیں گے اور اپنے لوگوں کو ریپچر یا بے خُود کریں گے اور اُن کو زمین سے لے جائیں گے، اس سے پہلے کہ مسیح کا مُخالف اقتدار میں آجائے اور وہ ہولناک سات سالہ مُشکلات شروع ہوجائیں۔ آپ اپنے اندازے سے کہیں بڑھ کر خطرے میں ہیں۔ فرشتہ پال جس نے نیو ٹیسٹامنٹ کی بہت سی کتابیں تحریر کیں، اُنہوں نے یہ پیشگوئی تحریر کی، "تو خُدا بذاتِ خود آسمان سے ایک زوردار آواز کے ساتھ نیچے آئے گا، فرشتوں کے سردار کی آواز کے ساتھ اور خُدا کے نقّارے کے ساتھ اور مردہ پہلے اُٹھیں گے۔ اُس کے بعد ہم، جو زندہ ہیں اور باقی رہتے ہیں، اُن کے ساتھ بادلوں میں جاکر مِل جائیں گے اور خُدا سے فضا میں مُلاقات کریں گے۔"

اور یہ ہے جو کُچھ ہُوا ہے۔ خُدا مسیح ہمارے لیے اور دوبارہ پیدا ہونے والے یقین کرنے والوں کے پاس آیا جو بہت پہلے وفات پاچُکے تھے یا جو ابھی زندہ ہیں، وہ سب بادلوں میں جمع ہوگئے ہیں تاکہ خُدا سے فضا میں مُلاقات کرسکیں۔ ہم اب جنّت میں ہیں، کبھی بھی اپنے خُدا مسیح سے جُدا نہ ہونے کے لیے۔ ہم چاہتے ہیں کہ آپ یہ جانیں کہ ریپچر کے نظریے کی ایک طاقتور انجیلی اساس ہے جو ہزاروں سالوں تک پھیلی ہُوئی ہے۔ جینیسز کے تیسرے ہی باب میں، انجیل کی پہلی کتاب میں، ہم نے ایک آنے والے نجات دہندہ کی پیشنگوئی پائی ہے۔ یہ پیشنگوئی اُس وقت سچ ثابت ہُوئی جب مسیح پیدا ہُوئے۔

مسیح نے کہا کہ وہ مرجائیں گے، کہ وہ تیسرے دن دُوبارہ اُٹھیں گے۔ اور مسیح نے یہ بھی کہا کہ وہ جنّت کی جانب اُٹھ جائیں گے۔ اور یہ رہا ایک اہم نُکتہ۔ اُنہوں نے ہم سے وعدہ کیا کہ وہ ایک دم واپس آئیں گے جیسے رات میں کوئی چور آتا ہے اور اپنے پیروکاروں کو زمین سے واپس لے جائیں گے۔ انجیل کی پیشنگوئی پُوری ہُوئی کیونکہ مسیح آئے ہیں جیسا اُنہوں نے وعدہ کیا تھا۔ اب۔ مَیں یہ جانتا ہُوں کہ ہضم کرنے کے لیے یہ بہت ساری معلومات ہے، خاص طور پر اگر ریپچر، یا مسیح کے مُخالف یا مُشکلات کی اصطلاحات سے آپ واقف نہیں ہیں۔

دوستو! سیکھنے کے لیے بہت کُچھ ہے۔ اور ہم مدد کرنا چاہتے ہیں۔ اس حقیقت سے آگاز کرتے ہُوئے کہ آپ میں سے کُچھ کے لیے، شاید آپ میں سے بہت سارے، اس معلومات سے سکتے میں آجائیں، مایوس ہوجائیں، تذبذب کا شکار ہوجائیں، اور شاید بہت افسردہ ہوجائیں کہ وہ مذہبی فریم ورک، جسے آپ نے ایک اصلی اور خُدا کے ساتھ ایک محفوظ رشتہ سمجھا تھا، معلوم ہوا کہ وہ غلط ہے۔ آپ اس غلطی میں اکیلے نہیں ہیں مگر یہاں پر امید باقی ہے، ایک شاندار امید کہ ابھی بھی ایک رستہ موجود ہے، مگر وہ مُشکل ہوگا۔ جیسا کہ ہم اس ساری پریزینٹیشن میں دیکھیں گے اور اُن ڈاؤن لوڈاینل مواد میں دیکھتے رہیں گے جو ہم نے آپ کے لیے فراہم کیا ہے کہ الہامی کتابوں کی سچّائی کے بارے میں اہم گفتگو کی گئی ہے اور آپ سے توبہ کرنے کے لیے ایک پُکار دی گئی ہے، خُود کو عاجز بنائیں اور نجات کے لیے یسوع مسیح کو پُکاریں۔

اب اس سے پہلے کہ میں یہ واپس گیری کو دُوں، مَیں آپ کو یہ یقین دلانا چاہتا ہوں کہ حالانکہ آپ نے ریپچر کھو دیا ہو مگر آپ اب بھی مسیح کی جانب پلٹ سکتے ہیں۔ آپ کو معافی مِل سکتی ہے۔ آپ کو جنّت کی امید مل سکتی ہے اور آپ ایک بامعنی زندگی جی سکتے ہیں اور خُدا کے لیے اچھا اختتام کرنے کی خواہش کرسکتے ہیں۔ اب، یہاں گیری آپ کو بتائیں گے کہ آپ کا سب سے بہترین اگلا قدم کیا ہے۔

گیری:

شُکریہ، اسکاٹ/ یہ کُچھ کے لیے یقین کرنا مپشکل ہوگا مگ ریپچر کا واقعہ رُونما ہوچکا ہے، کم از کم یہ حِصّہ کہ دُنیا کے سامنے یہ ثابت کیا جائے کہ انجیل سچّی ہے۔ انجیل کی پیشنگوئی نے یہ پہلے سے بتادیا کہ ایک ریپچر وقوع پذیر ہوگا اور یہ کیسے ہوگا۔ انجیل کی سینکڑوں پیشن گوئیاں پُوری ہونا یہ ثابت کتی ہیں کہ انجیل درست ہے، الہامی طور پر اتاری گئی ہے اور سچّی ہے۔ لہٰذا،میرے دوستو، یہ سمجھنا اور یقین کرنا ضروری ہے کہ جو کچھ انجیل نے گُناہ اور معافی اور نجات کے بارے میں کہا ہے، وہ بھی صحیح ہے۔ انجیل ایک دُشمن کی بات کرتی ہے، شیطان کی، ایک گناہ گار فرشتہ جس کے بہت سے پیروکار ہیں۔ شیطان اور اس کے چیلے ہر اُس چیز سے نفرت کرتے ہیں جس سے خُدا پیار کرتا ہے۔ اوراس میں آپ بھی شامل ہیں۔ وہ (شیطان) مہارت سے کام کرتا ہے تاکہ انسانوں کو تذبذب کا شکار رکھے، لاعلم رکھے، اور رُوحانی باتوں میں دلچسپی نہ لینے دے۔ شاید یہ آپ کو بیان کیا گیا ہے۔ مگر سب سے اہم چیزیں رُوحانی چیزیں ہیں۔

رُوحانی چیزیں دائمی ہیں۔ آپ کی روح دائمی ہے اور آپ کس طرح اپنی زندگی کو یا تو خدا کے ساتھ یا پھر شیطان کے ساتھ ملائیں گے، اور اس کے علاوہ اور کوئی آپشنز نہیں ہیں اور، خیر، اس سے آپ کی دائمی منزل کا تعین ہوگا۔ وہ لوگ جنہوں نے ماضی میں خُدا کے بیٹے، یسوع مسیح، کے ذریعے خُدا سے انسلاک کیا، ان کو ریپچر میں لے لیا گیا۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ خُدا اصل ہے۔ کہ مسیح خدا ہے۔ اور یہ کہ انجیل صحیح ہے۔ ج  افراد کو لیا گیا، وہ اب جنّت میں ہی اور اپنے خُدا کے ساتھ ایک حیرتا نگیز نئی حقیقت میں ہمیشہ زندہ رہیں گے۔ جن کو لیا گیا، اُن کے لیے نجات کا طویل مدت سے کیا گیا وعدہ پورا کیا گیا۔ آپ کو ریپچر میں نہیں لیا گیا کیونکہ آپ نے یسوع مسیح کا ایک سچّا پیروکار بننے کا فیصلہ نہیں کیا۔ مسیح پہلے ہی ریپچر کے موقع پر اپنے لوگوں کے لیے بادلوں میں آیا ہے، مگر سُن لیں، کہ وہ دوبارہ آئے گا۔

اگلی بار تمام آنکھیں اس کو دیکھیں گی۔ انجیل کہتی ہے کہ وہ شاندار اندازمیں جلوہ گر ہوں گے۔ دنیا یہ دیکھے گی کہ ان کے قدم یروشلم میں کوہِ زیتون کو چُھوئیں گے، اور وہ دد اور مشکلات اور جنگ اور مسیح کے خلاف فرد کی سلطنت کا اختتام بن کر

آئیں گے۔اور یہ کہ وہ خُوشی اور امن کے موسم میں آئیں گے۔ انجیل اس کا حوالہ، مسیح کی ملینیئل حکمرانی کے طور پر دیتی ہے۔ یسوع مسیح سات سال کے مصائب کے دور کے اختتام پر دوبارہ آئیں گے۔ آپ اس وقت تیار نہیں تھے جب مسیح ریپچر میں آئے، کیا آپ اس وقت تیّار ہوں گے جب وہ دوبارہ آئیں گے؟ یہ اب سے شاید سات سال بعد کی بات ہو، مگر میں آپ کو تنبیہہ کرتا ہوں کہ انتظار نہ کریں۔ انجیل کی پیشنگوئی یہ لکھتی ہے کہ اگلے سال تکلیف، جنگ، قحط، فصلوں کے لیے نقصان دہ جانور، زلزلے اور موت سے عبارت ہوں گے۔ کروڑوں لوگ مرجائیں گے۔ آپ سے کل کا وعدہ نہیں کیا گیا ہے مگر خدا نے آپ کو یہ لمحہ دیا ہے، یہ موقع کہ خُدا کے ساتھ مِل جائیں، اور مسیح کے ایک سچّے پیروکار بن جائیں اور اس یقین دہانی کو حاصل کریں کہ آپ کا ابدی گھر جنّت میں ہے اور جہنّم میں نہیں۔

آپ کو معافی مِل سکتی ہے، آپ کو بچایا جاسکتا ہے اور خُدا کے ساتھ آپ کا صحیح رشتہ قائم ہوسکتا ہے، مگر صرف اس صورت میں کہ آپ اس کے سچے ماننے والے ہوں۔ اس کے بارے میں جاننا یا یہ یقین رکھنا کہ خدا موجود ہے، بس اتنا کافی نہیں۔ صرف یقین کرنا کافی نہیں۔ انجیل کہتی ہے کہ شیطان بھی یقین رکھتے ہیں۔ آپ کو یہ کرنے کی ضرورت ہے کہ وقف کریں، اپنی زندگی کو خدا کے لیے وقف کریں، اس کے لیے زندگی گزارنے کے لیے تیار ہوجائیں، اس کی خدمت کے لیے، اس کے لیے گواہی دینے کے لیے تیّار ہوجائیں۔ یہ ہے جس کا مطلب ہے کہ صحیح معنوں میں اس کے لیے خُود کو وقف کردیں۔ مَیں یہ توقع کرتا ہوں کہ بہت سے ایسے لوگ جو پیچھے رہ گئے، انہوں نے سوچا کہ وہ اچھے عیسائی تھے، کہ ان کو یقینی طور پر ریپچر میں جنت میں اُٹھا لیا جائے گا، مگر وہ نہیں تھے۔ اور اس کی وجہ یہ تھی کہ مسیح کے لیے ان کا ایمان یا ان کی وابستگی سنجیدہ اور پُرخلوص نہیں تھی۔ مگر آپ ابھی یسوع مسیح کے ایک سچّے پیروکار بننے کے لیے اپنے فیصلے کو ابھی حتمی بناسکتے ہیں۔

خُدا نے آپ کو انتخاب کرنے کا ایک اور موقع دیا ہے۔ میں دُعا کرتا ہوں کہ آپ اچھا انتخاب کریں۔ وقت مختصر ہے۔ ابھی فیصلہ کریں۔ یہ اشد ضروری ہے کہ آپ ایسا کریں۔ مسیح پر یقین کرنا اور مسیح کے لیے ایک بندہ بن جانا سب سے اہم اگلا قدم ہے جو آپ اُٹھا سکتے ہیں۔ اور یہ جان لیں کہ مسیح کا ایک پیروکار اور بندہ نہ بننے کا فیصلہ کرنے کا مطلب مسیح کی مُخالفت کرنا ہے۔ سچّی بات یہ ہے کہ ہر کوئی، کسی نہ کسی کا پیروکار ہے۔ یا تو آپ مسیح کے ساتھ وابستہ ہیں یا پھر آپ شیطان کے ساتھ وابستہ ہیں۔ میں معذرت چاہتا ہوں مگر یہ تلخ حقیقت ہے۔ اس میں کوئی درمیانہ راستہ نہیں ہے۔ یا تو آپ خُدا کے ساتھ ہیں یا اُس کے خلاف ہیں۔

مَیں آپ سے کہہ رہا ہُوں؛ مَیں آپ پر ابھی زور دے رہا ہوں۔ خُدا کے لیے زندگی گزارنے کا انتخاب کریں۔ خُدا آپ سے محبت کرتا ہے۔ وہ آپ کی مدد کرنا چاہتا، آپ کو معاف کرنا، آپ کو استعمال کرنا اور آپ کے سامنے عظیم آگاہی ظاہر کرنا چاہتا ہے۔ سیارہ زمین کے دن، جیسا کہ آپ یہ جانتے ہیں، گنے ہوئے ہیں۔ مشکلات کا دور آرہا ہے۔ انجیل بیان دیتی ہے کہ دنیا کی آدھیآبادی دو بڑی عالمی لہروں میں مرجائے گی۔ کوئی بھی زیادہ عرصے زندہ نہی رہے گا مگر آپ خُدا کے ساتھ جنت میں ہمیشہ رہی گے اور وہ سب جن کو خُدا کی جانب سے ریپچر کیا گیا۔ یہ شاندار حقیقت آپ کی ہوسکتی ہے اگر آپ سچّے معنوں میں یقین کریں۔ اگر آپ خُدا کی محبت اور عظمت کو حاصل کرنے کے لیے تیار ہیں اور اپنے منصوبوں اور اپنی ترجیحات کو ایک طرف رکھنے کے خواہاں ہیں اور اس کے لیے زندگی گزارنے کے لیے تیار ہوں جتنی بہترین ممکن ہوسکے۔ اس پیغام کے دوسرے حصے پر کلک کریں اور اسکاٹ اور میں آپ کو یسوع مسیح کے ایک ماننے والے اور پیروکار بننے کے عمل سے گُزاریں گے۔

لیکن اگر آپ اس پیغام کے اگلے حِصّے پر کلک نہیں کرسکتے تو مجھے آپ کے لیے ابھی ایک دُعائے نجات کرنے دیں۔ مجھے سنیں۔ اگرآپ ایسی ایک دعا کرتے ہی اور آپ مُخلص ہوں تو پھر آپ کو معاف کردیا جائے گا اور آپ کو بچالیا جائے گا۔ آپ کو میری ضرورت نہیں ہے۔ آپ کو بچنے کے لیے ایک پادری کی ضرورت نہیں۔ آپ کو صرف ایک خواہشمند دل چاہئیے اور یہ دعا پڑھنی چاہئیے جو اس کی طرح ہے جو میں ابھی کرنے والا ہوں۔ اگر آپ یسوع مسیح کے ایک سچے پیروکار بننے کا فیصلہ کرنے کے لیے تیّار ہیں جب یہ آسان ہو اور جب یہ مشکل ہو، آج کے دن سے لے کر اس دن تک جب خُدا آپ کو گھر پکارے گا، تو پھر آپ وہ الفاظ دہرائیں جن کی میں دعا کرتا ہوں یا پھر آپ اپنے الفاظ میں دعا کرسکتے ہیں، جو کہ اس دعا کے جذبات کی تقلید کرتی ہو۔ اور ایسا کرنے میں آپ اپنے دل، اپنے دماغ اور اپنی دائمی روح کو خُدا کے ساتھ جوڑ دیں گے۔ آپ کو بچایا جاسکتا ہے۔ آئیے دُعا کریں۔

محترم آسمان کے خُدا، میں آپ پر یقین رکھتا ہوں۔ مجھے افسوس ہے، خدا، کہ میں نے اپنی زندگی آپ کے لیے نہیں گُزاری۔ میں یہ یقین رکھتا ہوں کہ آپ ریپچر میں آئے ہیں اور یہ کہ آپ دوبارہ آرہے ہیں۔ میں یہ یقین رکھتا ہوں کہ انجیل سچّی ہے۔ میں یہ

یقین رکھتا ہوں کہ آپ نے ایک بہترین زندگی گُزاری، کہ آپ نے صلیب پر میرے لیے جان دے دی تاکہ میرے گُناہوں کو معاف کردیا جائے۔ میں یہ یقین رکھتا ہوں کہ آپ تیسرے دن دوبارہ اٹھیں گے، اور میں یہ یقین رکھتا ہوں کہ آپ مجھے بادشاہ کا بیٹا بننے کی دعوت دیں گے۔ مَیں آپ کے سامنے اپنے گناہوں کا اعتراف کرتا ہوں۔ میں آپ پریقین رکھتا ہوں اور میں آپ کے لیے جینا چاہتا ہُوں۔ خُدا، آپ کے لیے جینے میں میری مدد کریں۔ محترم مسیح، میں آپ سے محبت کرتا ہوں۔ میں آپ پریقین رکھتا ہوں۔ خدا، آپ کے لیے جینے میں میری مدد کریں۔ مسیح کے نام پر۔ آمین۔

## 3 کا حِصّہ نمبر 2

اسکاٹ:

آداب۔ ہمارے پوسٹ ریپچر ہنگامی پیغام کی تعلیمی سیریز کے حصہ دوم کے ساتھ اسکاٹ پھر حاضر ہے۔ اگر آپ نے ابھی تک حصہ اول نہیں سُنا ہے، تو میں آپ کو تجویز دیتا ہوں کہ ابھی سُن لیں کیونکہ ہم جو یہاں گفتگو کریں گے وہ گزشتہ پیغام پر بنائی گئی ہے۔ گیری کے ساتھ، مُجھے یہ شرف حاصل ہے کہ آپ کو سب سے اہم فیصلے سے گزارنے میں آپ کی مدد کروں جو آپ کریں گے، کہ کیسے یسوع مسیح کا سچّا پیروکار بنا جائے۔ ایمان کا یہ مرحلہ معافی کی جانب لے جائے گا اور یہ خُدا کی آنکھوں میں نجات کی یقین دہانی ہے، اور اس کو اس طرح فقروں میں کہنا اہم ہے کیونکہ انسان کے بنائے گئے مذہبی رواج اس غلط ادراک کی طرف لے جاتے ہیں کہ کیسے بچا جائے۔ تو آئیے میں کُچھ اہم باتوں کو یاد رکھنے سے آغاز کرتا ہُوں۔ سب سے پہلے یہ کہ گیری اور مَیں یہاں موجود ہیں تاکہ اس زندگی کو بدل دینے والی وابستگی میں آپ کی حوصلہ افزائی کریں، آپ کو آگاہ کریں اور آپ کی معاونت کریں۔ آپ دیکھیں کہ آپ خود کو مذہبی اصولوں اور روایات سے آزاد کررہے ہیں اور اس عقیدے اور ایمان پر مکمل اعتبار کرنے کی طرف لے جارہے ہیں جو مسیح پہلے ہی حاصل کرچُکے ہیں۔

یہ ہمارے بارے میں نہیں ہے۔ یہ مسیح کے بارے میں ہے۔ اس کے ساتھ شامل کرتے ہوئے، ایمان کا یہ فیصلہ صرف آپ کے اور خُدا کے درمیان ہے۔ کوئی بھی آپ کو کنٹرول نہیں کرسکتا یا آپ کا فائدہ نہیں اُٹھا سکتا۔ آپ کے پاس آزاد خواہش ہے۔ یہ سراسر آپ کا فیصلہ ہے۔ آپ کو اصل میں یہاں اس لیے دعوت دی گئی ہے کہ آپ یسوع مسیح کے ساتھ ایک رشتے میں داخل ہوجائیں۔ لاکھوں ماننے والے پہلے ہی ایسا کرچُکے ہیں، مُجھ سمیت۔ دوسرے یہ کہ آپ کے ایمان کا بیان صرف بہترین الفاظ میں دُعا کرنا نہیں ہے۔ یہ آپ کی دل سے دعا کرنے کے بارے میں ہے۔ آپ کے لیے یہ ضروری ہے کہ خُدا کو اپنے الفاظ میں بتائیں کہ آپ نے گُناہ کیے ہیں اور ایسی چیزیں کی ہیں جو اُس کے بہترین اور مقدس معیارات سے میل نہیں کھاتیں، یہ کہ آپ کو افسوس ہے جو کُچھ آپ نے کیا ہے کہ آپ مکمل طور پر اس کے معاف کرنے والے لمس اور بے شرط محبت کوسمجھتے ہیں، کہ آپ کو یقین ہے کہ انجیل سچّی ہے اور یہ کہ آپ اس کے لیے اپنی زندگی کو وقف کرنا چاہتے ہیں، جس کا جُزوی مطلب یہ ہے کہ آپ سیکھنا اور پنپنا چاہتے ہیں اور دوسروں کو اپنے نئے ایمان کے بارے میں بتانا چاہتے ہیں۔

آپ جس وقت میں موجود ہیں، یہ بڑا مایوس کُن اور بُرا وقت ہے۔ آپ آخری دنوں میں ہیں اور آپ کی سب سے پہلی ضرورت یسوع مسیح میں نجات پانا ہے۔ یہ اس حالتِ زار کا صحیح جواب ہے جس میں آپ خُود کو گِھرا پاتے ہیں۔ یہ سمجھنا اشد ضروری ہے کہ ان آخری دنوں میں کس اچھے طریقے سے اختتام کرنا چاہئیے۔ ریپچر کے بعد پیچھے رہ جانے سے سنبھل پانا ناممکن ہے سوائے یہ کہ آپ توبہ اور مسیح پر ایمان پر آجائیں۔ آپ کو اچھے طریقے سے اختتام کرنے کی خواہش کرنی چاہئیے اور ایسا کرنے کا واحد طریقہ یہ ہے کہ مسیح میں خود کو پایا جائے۔ تیسرے یہ کہ گہرے انداز میں یہ جان لیں کہ مخلص نجات کے فیصلے اٹل ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ خدا آپ سے محبت کرنے کا ارادہ بدلنے والا نہیں ہے۔ اب، شیطان، ایک گناہ گار فرشتہ اور خُدا کا دُشمن، نہیں چاہتا کہ آپ یہ یقین رگھیں۔ انجیل کا کہنا ہے کہ وہ (شیطان) جُھوٹ اور دھوکے کا باپ ہے اور ہر اس چیز کو مارنا، چوری کرنا یا تباہ کرنا چاہتا ہے جس سے خُدا پیار کرتا ہےم اور آنے والے دنوں میں شیطان آپ کے ذہن پر حملہ کرے گا۔ وہ آپ کو شبے میں مُبتلا کرے گا اوریہ کہ آپ محفوظ نہیں ہیں اور یہ کہ آپ کے ایمان کے ابتدائی مراحل آپ کے ذہن کی اختراع ہیں۔

شیطان کے آلات کے آگے نہ جھکیں مگر تمام پہلوؤں سے مقدس رُوح کے آگے سرجُھکا لیں۔ ان جھوٹی باتوں کے درمیان، شیطان آپ سے سرگوشی کرے کہ، "آپ قابلِ قدر نہیں ہیں۔ آپ اچھے خاصے نہیں ہیں۔ انجیل صحیح نہیں ہے۔ خُدا حقیقت میں آپ سے مُحبّت نہیں کرتا۔" مَیں آپ کو یہ بتا رہا ہُوں کہ آپ اس ہنگامی پیغام کو اس لیے سُن رہے ہیں کیونکہ خُدا چاہتا تھا کہ آپ یہ پیغام سُنیں۔ وہ اس وقت بالکل آپ کی جانب پہنچ رہا ہے کیونکہ وہ چاہتا ہے کہ آپ بالکل یہاں اس کے ساتھ ایک رشتے میں داخل ہوجائیں۔ اگر آپ خُدا کے ساتھ ایک رشتہ قائم کرنے کے بارے میں مُخلص ہیں، تو خُدا آپ کے ساتھ ایک دائمی رشتہ قائم کرے

گا۔ وہ قابل ہے اور آپ کو بچانے کا خواہاں ہے۔ اور آخرکار، یہ جان لیں، مسیح کا پیروکار بننا کوئی ایسی بات نہیں کہ لوگ ایک بار کریں اور پھر اس بارے میں بھول جائیں، اس کے ساتھ ایک فائر انشورنس کی ایک قسم کی طرح برتاؤ کریں یا ایک ایسا رستہ جس سے جنّت تک پہنچا جائے۔ نہیں، ہم یہاں مسیح کے ساتھ ایک رشتہ بیان کررہے ہیں۔ وہ خُدا کا بیٹا ہے اور تثلیث کا رُکن ہے، فادر اور مقدس روح کے ساتھ برابر اور یکساں ہے۔

حالانکہ نجات اسی وقت فوراً ہوجاتی ہے جب آپ یقین رکھتے ہیں اور مسیح کے آگے جُھک جاتے ہیں، آپ کے اس سے نئے رشتے میں خُدا کے الفاظ کو پڑھ کر اس کو جاننا شامل ہوگا۔ اور جب ہم ایسا کرتےہیں، ہم ایک ایسے پُختگی کے عمل سے گزرتے ہیں جو وقت لیتا ہے جب ہم انفرادی طور پر مسیحیت کی پسندیدگی میں نمو پاتے ہیں۔ مجھے اس کی تشریح کرنے دیں کیونکہ یہ بہت اہم بات ہے، اور گیری اور مَیں یہ چاہتے ہیں کہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ اس کو اچھی طرح سمجھیں۔ آپ کو یہ نہیں سمجھنا چاہئیے کہ، "ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ مَیں نے مسیح کے لیے ایک فیصلہ کیا اور لہٰذا میں اب صحیح ہوں۔" نہیں، مسیح کے پیروکار کی اصطلاح کو اس کے موجودہ فعال تناظر میں سوچنا چاہئیے۔ مَیں مستقل طور پر یسوع مسیح کے ساتھ ایک رشتے میں ہوں، ایک ماننے والے کی طرح افزائش پارہا ہوں اور اس خواہش کو پروان چڑھا رہا ہوں کہ دوسروں کی مدد اور خدمت کروں۔ انجیل کو حاصل کرنا اپنی سب سے بڑی ترجیح بنالیں اور اس کا مطالعہ کریں تاکہ آپ کا نیا ایمان نشوونُما پاسکے۔ کیا میں یہ تجویز دے سکتا ہوں کہ نیو ٹیسٹامنٹ سے آغاز کیا جائے، شاید جون پر ابتدائی طور پر توجہ دی جائے، اس کے بعد وحی پر مطالعہ جاری رکھا جانا چاہئیے۔ ریپچر کِٹ پر ہمارے پاس بہت سی ریسورسزجمع ہیں جو آپ کوساتھ ساتھ مدد کریں گی۔

اب، ایک عیسائی صرف خُدا کے بارے میں نہیں جانتا ہے۔ وہ فعال طور پر خُدا کے لیے جیتے اور خُدا کی شہادت دیتے ہیں، اور اگر ضروری ہو تو خُدا کے لیے ایک شہید کے طور پر اپنی جان قربان کردیں گے۔ مُجھے آپ کو یہ بتاتے ہُوئے بہت افسوس ہورہا ہے، مگر انجیل یہ پیشنگوئی کرتی ہے کہ عیسائی پیروکاروں کو تکالیف دی جائیں گی اور بہت سے ختم ہوجائیں گے۔ آپ کے اپنے ذہن میں، آپ شاید ان جملوں کے ساتھ ایک خوف کا جذبہ پہلے ہی محسوس کررہے ہوں گے۔ آپ ایک کے بعد ایک خُدا کے انصاف کو دیکھیں گے جو اس مشکل صورتحال کی تصدیق کرے گی جس میں آپ گھرے ہیں۔ سات سالہ تکالیف کے دور میں، دنیا کی قریباً آدھی آبادی ختم ہوجائے گی اور زمین تباہ ہوجائے گی۔ بہت سے ماورائی اشارے ملیں گے جو آپ کو انتخاب کرنے پر مجبور کریں گے۔ یسوع مسیح کو چُنیں اور ان کے مُخالف کو نہیں۔ سچ کو چُنیں۔ درندے کے نشانات کو نہ لیں اور ایسے معجزاتی اشارات سے دھوکہ نہ کھائیں جو آپ کے فیصلے کے احساس کو مغلوب کرنے کےلیے تیار کیے گئے ہیں اور جو خُدا کے الفاظ کےمُخالف ہیں۔

تمام دُنیا بہت سی شاندار چیزوں کو دیکھے گی۔ بہت زیادہ مُحتاط ہوجائیں۔ یسوع مسیح کے ساتھ اپنے رشتے کے ذریعے زندگی کا انتخاب کریں تاکہ اگر آپ فاقے یا موذی جانوروں یا جنگ یا تکلیف سے مرجائیں تو آپ جنّت میں ہمارے ساتھ ہوں۔ یہ آسان نہیں ہوگا، مگر یہ وہ بات ہے جس کو کرنے کا آپ کو ارادہ کرنا ہوگا۔ مسیح کے آگے جھکنا وہ سب سے اہم چیز ہے جو آپ کرسکتے ہیں۔ یہ کوئی ایسی بات نہیں جو گیری اور مَیں آپ کےلیے کرسکتے ہیں۔ آپ، میرے عزیز دوست، اپنے دل، ذہن، اور روح کے ساتھ خُدا کو ڈھونڈیں اور اس کے پاس ابھی آجائیں۔ آخرکار، مسیح کے ساتھ اس رشتے میں یہ جانتے ہوئے داخل ہوں کہ اتنے کُچھ کی آپ سے توقّع کی جائے گی۔ آپ کے لیے کامل ہونا ضروری نہیں ہے۔ ہم میں سے کوئی بھی کامل نہیں۔ اصل میں، خُدا جانتا ہے کہ آپ لڑکھڑائیں گے اور گریں گے، شاید بہت بار۔ مگر آپ کو ضرور واپس کھڑے ہونے کا ارادہ کرنا ہوگا جب بھی آپ گریں۔ ایک ایتھلیٹ ایک دوڑ میں بھاگتا ہے، ایک موسیقار نغمے بجاتا ہے۔ اور ایک عیسائی اپنے خُدا کے لیے جیتا ہے۔ اب، مُجھے یہ گیری کو دینے دیں، جو آپ کو ایک عیسائی بننے کے لیے ایک سادہ سی تین مراحل والی دُعا سے گُزار کر آپ کی رہنُمائی کرے گا۔

گیری:

شُکریہ، اسکاٹ۔ خُدا نے اپنے فضل سے ایک عیسائی بننے کا عمل بہت زیادہ آسان بنایا ہے۔ یہ ایک بچّے کے یقین کی طرح عاجز ہے۔ کُچھ کہتے ہیں کہ یہ اےبی سی کی طرح آسان ہے۔ آئیے،مُجھے نجات کی اے بی سیز کا اشتراک کرنے دیں۔ اے بی سی کے ایکرونم میں 'اے' سے مُراد ایڈمٹ یعنی تسلیم کرنا ہے۔ آپ کو یہ تسلیم کرنا چاہئیے کہ آپ گُناہ گار ہیں اور یہ کہ آپ کو خُدا کی معافی کی ضرورت ہے۔ جتنا بہتر ہو، آپ کو خُدا سے اپنے گناہوں کا اقرار کرنا چاہئیے۔ مسیح سے دُعا کریں اور کہیں کہ آپ کے ذہن میں لائے کہ آپ وہ کیسے نہیں رہے ہیں جیسے خُدا آپ کو چاہتا تھا۔ اس بات کو تسلیم کریں اور اس کا اقرار کریں کہ آپ ایک گُناہ گار ہیں اور خُدا کے نافرمان رہے ہیں، اپنی کوتاہیوں کا اقرار کریں۔ ایک نجات دہندہ کے لیے اپنی ضرورت کو تسلیم کریں۔ مگر یہ جان لیں، ہم سب گُناہ گار ہیں۔ ہم سب نے غلطیاں کی ہیں۔ اس زمین پر موجود ہر فرد خُدا کی

معافی کا طلبگار ہے۔ ہر فرد کو ایک نجات دہندہ کی ضرورت ہے۔ اسی لیے مسیح آئے۔ رومنز 3:23 یہ نوٹ کرتا ہے کہ، "ہم سب خُدا کی شان سے کم ہی رہے ہیں:۔ مگر جون 3:16 یہ نوٹ کرتا ہے کہ "خُدا نے دُنیا کو اتنی محبت دی کہ اس نے اپنا واحد بیٹا، مسیح، دے دیا، اور جو کوئی اس پر ایمان لائے گا، وہ تباہ نہیں ہوگا، مگر ایک دائمی اور ہمیشہ رہ جانے والی زندگی پائے گا۔

یہ ایک شاندار سچ ہے۔ اس پر یقین کریں۔ اور یہ ہمیں ایکرونم کے دوسرے حرف کی جانب لے جاتا ہے۔ 'بی' سے مُراد 'بیلیف' یعنی یقین ہے۔ ہمیں یہ یقین کرنا چاہئیے کہ مسیح، خُدا کا واحد بیٹا ہیں۔ جیسا کہ انجیل کہتی ہے، "ہمیں یہ یقین کرنا چاہئیے کہ وہ زمین تک آئے، کہ وہ ایک کنواری خاتون سے پیدا ہُوئے، کہ اُنہوں نے ایک گُناہوں سے پاک زندگی گُزاری، اور یہ کہ وہ صلیب کی جانب گئے اور یہ کہ وہ تیسرے دن مُردوں میں سے اُٹھ کھڑے ہُوئے۔" ہمیں یہ یقین کرنا چاہئیے کہ مسیح ہمیں معاف کرسکتے ہیں تاکہ ہم خُدا کے سامنے الزام کے بغیر کھڑے ہوں اور ایک دائمی زندگی ہمیں عطا کی جائے۔ آپ کو ان سب باتوں پر اپنے دل اور دماغ کے ساتھ یقین کرنا ہوگا جیسا کہ مَیں نے اور اسکاٹ نے کافی دہائیوں سے کیا ہے۔ یہ بھی کہ ہمیں اس بات پر یقین کرنا چاہئیے کہ انجیل سچّی ہے، اور یہ کہ مسیح زمین پر 2000 سال پہلے آئے اور حال ہی میں وہ بادلوں میں آئے تاکہ اپنے وفادار پیروکاروں کو ریپچر میں لے جائیں۔ آپ نے بالکل ابھی یہ واقعہ دیکھا ہے۔ آپ جانتے ہیں کہ انجیل درست ہے اور یہ کہ انجیل کی پیشنگوئی صحیح انداز میں ہمیں مُطّلع کرتی ہے کہ آگے کیا ہوگا۔

ہمیں یہ بھی یقین کرنا چاہئیے کہ سات سال کے مشکلات کے دور کے بعد مسیح دوبارہ آرہے ہیں اور اس بار وہ زمین پر بدی کی حُکمرانی کا خاتمہ کریں گے۔ اور 'سی' سے مُراد 'کمٹمنٹ' یعنی وعدہ ہے۔ نہ صرف یہ کہ عیسائی پیروکاروں کو مسیح پر ایمان رکھنا چاہئیے۔ ہمیں مسیح کے لیے جینے کا بھی عزم کرنا چاہئیے۔ عیسائیوں کو اپنا وقت، اپنے تحائف، اپنی دولت، اپنی کوششیں، تقریباً ہر چیز یسوع مسیح کی خدمت کے لیے وقف کردینی چاہئیے۔ یہ ہے وہ طریقہ جس سے آپ بحُسنِ خُوبی اختتام کرتے ہیں۔ عیسائیوں کو مسیح کے لیے جینا چاہئیے اور خُود کے لیے نہیں جِینا چاہئیے۔ عیسائیوں کو ایک نی راہ پر چلنے کا عزم کرنا چاہئیے جس کے مختلف یا نئے مقاصد اور ترجیحات اور جذبات ہوں، جو اس سے پہلے تھے جب انہوں نے اپنی زندگی مسیح کے لیے وقف کی۔ آپ کو یہ سمجھنا چاہئیے کہ جب آپ مسیح کو چُنتے ہیں تو مقدس روح آپ کی رہنمائی کرے گی ار ماورائی انداز میں آپ کی مدد کرے گی۔ جب آپ ایک عیسائی بنتے ہیں تو آپ بدل جاتے ہیں۔ انجیل کہتی ہے کہ آپ "روح سے دوبارہ پیدا ہُوئے" ہیں۔ "آپ ایک "نئی مخلوق" بن گئے ہیں۔"

آپ میں موجود روح کے ساتھ اور آپ کی رہنمائی کرتے ہُوئے، آپ ایک نئے اور زیادہ صحتمند دل اور دماغ کا تجربہ کرنا شروع کردیں گے۔ یہ خُدا کے بلامشروط اورانمول تحائف ہیں۔ آپ اُن کو کما نہیں سکتے۔ وفادار پیروکاروں کے لیے، خُدا انہیں مُفت دیتا ہے۔ اس کے نتیجے میں آپ تقدیس میں نمو پاتے ہیں، جس کا مطلب یہ ہے کہ آپ ایک نئی، مُختلف، بہتر اور زیادہ رُوحانی زندگی گزارنے کے لیے بڑھیں گے اور الگ ہوجائیں گے۔ ایک اصلی سرگرم عیسائی، پُرانے طریقوں سے مزاحم ہوگا اور اُن سے گریز کرے گا۔ پُرانی زندگی کے وہ عناصر جنہوں مے یسوع مسیح کی تعظیم نہیں کی، اُن کو ختم ہوجانا چاہئیے۔ ایک سچا عیسائی پیروکار اس با کے لیے وقف ہے کہ خُدا کے بارے میں جاننے اور آگے بڑھنے اور اُس کے لیے جینے کے لیے اپنی ہر مُمکن کوشش کرے۔ اب، اگر آپ اس وقت یسوع مسیح پر یقین رکھنے کی اپنی وابستگی اور وعدہ کرنا چاہیں گے اور ان کا درگزر کا لمس حاصل کرنا چاہیں گے اور ان کے ساتھ اور ان کے لیے ایک نئی اور بہتر زندگی گُزارنا چاہیں گے تو میرے ساتھ ابھی دُعا کرکے اپنے فیصلے کو تشکیل دیں۔ بآوازِ بلند دُعا کریں۔ اپنے دِل سے دُعا کریں۔ ایک مُخلص دِل کے ساتھ دُعا کریں۔ آپ وہ دہرا سکتے ہیں جو مَیں کہوں، یا آپ اپنے الفاظ میں دُعا کرسکتے ہیں، جیسا کہ روح آپ کی رہنمائی کرے۔

ایک کامل دُعا، کامل اور بہترین الفاظ کے بارے میں نہیں ہے۔ یہ خُدا کے سامنے اپنے دل کو کھول دینے کے بارے میں ہے۔ لہٰذا، آپ کو بالکل ان الفاظ میں دُعا کرنے کی ضرورت نہیں ہے، مَیں اپ کی ضرور حوصلہ افزائی کرنا چاہتا ہُوں کہ میرے ساتھ دُعا کریں۔ اسکاٹ اور مَیں اس سب سے اہم اگلے مرحلے میں آپ کی مدد کرنا چاہتے ہیں تو آئیے، مل کر دُعا کریں۔ اے خُدا، مَیں تسلیم کرتا ہُوں کہ مَیں نے غلطی کی ہے۔ مَیں یہ تسلیم کرتا ہُوں کہ مُجھے آپ کی ضرورت ہے۔ اے خُدا، مجھے معاف کردیں۔ مَیں مسیح پر یقین رکھتا ہُوں۔ مَیں یہ یقین رکھتا ہُوں کہ وہ میرے نجات دہندہ اور خُدا ہیں۔ مَیں یہ یقین رکھتا ہُوں کہ مسیح آئے اور مُردں میں سے اُٹھ کھڑے ہُوئے۔ آپ آپ کے درگزر اور دائمی زندگی کے تحفے کو حاصِل کرنا چاہتا ہُوں۔ میری مدد کریں، اے خُدا، کہ مَیں اپنی زندگی آپ کے لیے وقف کردوں۔ میری مدد کریں، اے خُدا، کہ مَیں اس لمحے سے اب آپ کے لیے زندگی گُزاروں۔ آمین۔ اگر آپ نے خُلوص کے ساتھ یہ دُعا کی، تو آپ جان سکتے ہیں کہ خُدا نے آپ کو معاف کردیا ہے اور آپ کو

دائمی زندگی کا تحفہ دیا ہے۔ انجیل کہتی ہے کہ، "مَیں نے تُمہارے لیے یہ باتیں اس لیے تحریر کیں تاکہ تُم خُدا کے بیٹے کے نام پر یقین کرو، تاکہ تُم یہ جان لو کہ تُمہارے پاس دائمی زندگی ہے۔" یہ جون 5:13 سے ہے۔

مسیح پر آپ کی نئی زندگی پر بہت مُبارک ہو! آپ اب ایک نئی راہ پر ہیں۔ آپ نے ریپچر کو مِس کردیا مگر آپ کو ایک دوسرا موقع ملا ہے۔ اس کو شمار کرائیں۔ تاریخ کے اس اہم موڑ پر آپ ایک نئے اور شاندار مشن کی شروعات کرنے جارہے ہیں۔ پوسٹ ریپچر کے ہنگامی پیغام کے حصّہ نمبر تین (3) پر کلک کریں اور اسکاٹ اور مَیں آپ کے ساتھ کُچھ خیالات کا اشتراک کریں گے جو آپ کو جاننے اور کرنے کی ضرورت ہے۔ ہم مُختصر طور پر یہ شیئر کریں گے کہ آپ کو کس چیز کی تیّاری کرنے کی ضرورت ہے اور اس مواد کے 24 یا اتنے ہی گیگابائٹس کو کیسے ڈاؤن لوڈ کیا جائے جو مسیح پر نمو پانے میں آپ کی مدد کریں گے۔ ہم چاہتے ہیں کہ آپ یہ جانیں کہ کس طرح اپنے نئے ایمان میں نمو پائیں۔ آپ چاہتے ہیں کہ آپ یہ جانیں کہ کیا آرہا ہے اور ان اہم آخری دنوں میں خُدا کے لیے کس طرح جیا جائے۔

## 3 کا حِصّہ نمبر 3

اسکاٹ:

اچھّا دوستو، یہ ہمارے پوسٹ ریپچر ہنگامی پیغام میں 3 کا حِصّہ نبر 3 ہے۔ ریپچر صادر ہوچُکا ہے۔ مسیح آئے ہیں اور اُنہوں نے اپنوں کو تھاما ہے۔ آپ اس وقت جس دور میں ہیں، انجیل اسے مصائب اور مشکلات کا دور کہتی ہے۔ یہ ایک نہ ماننے والی دُنیا پر خُدا کی غضبناکی کا ایک ہولناک اظہار ہے۔ اس وقت کے دوران دو اہم نُکات ہیں جن کا ایک مُشترکہ نتیجہ ہے، خُدا نے اپنے آپ کو اس نُکتے تک روکا ہے، مگر دُنیا تباہی کے دہانے پر جاپہنچی ہے۔ خُدا نے اپنی روکنے کی حفاظت کو ہٹا لیا ہے۔ انجیل یہ اظہار کرتی ہے کہ خُدا نے زمین کا پہلے جانچ لیا ہے۔ سیلاب اور سدوم اور گومورہ، ماضی کی مثالیں ہیں۔ مصاۓب کے دور کے دومقاصد ہیں۔ پہلا یہ کہ انجیل کا کہنا ہے کہ خُدا دُنیا بھر میں بدکاروں کو سزا دے گا۔ اور دوسرا مقصد یہ کہ وہ یسوع مسیح، واحد مسیحا، میں ایمان کے ذریعے یہودیوں کے لیے قومی نجات لائے گا۔ دونوں عمودی راستے، اقوام کے درمیان بدی کی جانچ اور اسرائیل میں یہودیوں کی قومی نجات، اس لیےکی گئی ہیں تاکہ لوگوں پر یسوع مسیح کے لیے اُن کی ضرورت کو سمجھنے کے لیے دباؤ ڈالا جائے۔

یہ عام نتیجہ تھا جس کا میں نے ذکر کیا۔ نجات صرف ایک بچے کی طرح دُعا کرنے جتنی دور ہے، اور اب بھی، افسوس کی بات ہے کہ، بہت سے افراد غرور، لاعلمی اور خُودفریبی میں اس کی مزاحمت کریں گے۔ کاش ایسا آپ کے بارے میں نہ کہا جائے۔ 30 دن والے 7 ماہ، یا 2520 دنوں کے بعد دجّال، اسرائیلی قوم کے ساتھ ایک امن مُعاہدے پر دستخط کرے گا۔ مصائب کے دور کے اختتام پر مسیح دوبارہ آئیں گے۔ یہ مسیح کی دوسری بار آمد ہے جس نے صدیوں تک لوگوں کے خوفزدہ تخیل کو اپنے چُنگل میں رکھا ہے۔ آپ کو تیّار ہوجانا چاہئیے۔ مَیں یہ دعا کرتا ہوں لہ آپ نے اپنی زندگی کو خُدا کے لیے وقف کرنے کے رُوحانی فیصلےکو حتمی شکل دے دی ہے، کہ خُدا کے مقاصد کے آگے سرجُھکا دیا جائے کہ آپ نے ان دنوں میں اور آپ کی زندگی کے باقی دنوں میں خُدا کے لیے اپنے آپ کو وقف کردیا، یہ آپ کی یاددہانی کے طور پرکام آنے کی کوشش کرے۔ اگر آپ نے ایسا کیا ہے تو آپ جان سکتے ہیں کہ جنّت میں موجود فرشتے خُوشیاں منا رہے ہیں۔ خُدا آپ کا انتظار کرتا رہا ہے۔ مسیح آپ کے لیے آئے، آپ کے لیے جیے، آپ کے لیے جان دی اور اب آپ کو استعمال کرنا چاہتے ہیں۔

جی ہاں، آپ کو استعمال کرنے کے لیے کیونکہ تمام دوبارہ پیدا ہونے والے پیروکاروں کو ریپچر کے لمحے اُٹھا لیا گیا تھا۔ آج زمین پرایسے لوگ زیادہ باقی نہیں بچے ہیں جو سچ کو جانتے ہیں مگر یہ بات جلد ہی تبدیل ہوجائےگی۔ دُنیا بھر میں لاکھوں لوگ ایسے ہوں گے جو ایمان لائیں گے، توبہ کریں گے اور مسیح پر یقین کریں گے تاکہ ان کو بچایا جائے۔ انجیل کا کہنا ہے کہ مصائب کی مدت کے دوران بچائے جانے والے لوگوں کی تعداد بہت زیادہ ہے۔ گیری اور مَیں یہ شدت سے یقین رکھتے ہیں کہ خُدا آپ کو استعمال کرنا چاہتا ہے تاکہ آپ دوسروں تک سچ پہنچائیں۔ آپ کے لیے یہ اب ظاہر ہوگا لیکن، ایسےافراد زیادہ نہیں ہیں جو یہ جانتے ہیں کہ انجیل سچّی ہے اور یہ کہ انجیل کی پیشنگوئی نے ریپچر کے آنے اور مصائب کے دور کے واقعات کی خبر دی تھی۔ ایسے لوگ زیادہ نہیں ہیں جو جانتے ہیں کہ کس طرح بچا جاسکتا ہے۔ ایسے لوگ زیادہ نہیں ہیں جو جانتے ہیں کہ کیا ہونے والا ہے۔ اس وقت لوگ خوفزدہ اور متذبذب ہیں۔ بہت ساروں کے پاس سوالات ہیں۔ آپ کے پاس جوابات ہیں اور ان کی بُنیاد، خدا کے الفاظ، انجیل، پر مبنی ہے۔

آپ بہت کچھ سیکھیں گے اور ان سوالات کے بہت سے جوابات پائیں گے جو سوالات آپ کے اور دوسروں کے پاس ہوں گے۔ وہ انجیل میں ہیں۔ لہٰذا، خُدا کا بندہ اور اس کا گواہ بننے کے لیے، اب یہ آپ کا مشن ہے۔ آپ ایک بامقصد اور بانیت زندگی گُزارسکتے ہیں۔ آپ اس وقت کی عزت کرسکتے ہیں جو آپ کے لیے باقی رہ گیا ہے۔ آپ ترقی کرسکتے ہیں کیونکہ آپ جتنا ممکن ہو، ہمت اور جاں نثاری کے ساتھ دوسروں کے ساتھ اشتراک کرتے ہیں۔ میرے دوست، آپ کو بچایا گیا ہے تاکہ آپ گواہی دیں اور خدمت کریں۔ آپ اب خُدا کے مشن کی سرحدی صفوں میں کھڑے ہیں تاکہ جتنا ممکن ہو اتنے لوگوں کو ایمان بچانے میں مدد کرسکیں۔ کوئی غلطی نہ کریں، افق پر اس وقت بڑی جنگوں کا ایک سلسلہ موجود ہے۔ گیری اب آپ سے بات کرکے انجیل کی پیشن گوئی کے بارے میں بتائیں گے اور کہ ہم کس طرح ہمیں تیار ہونے کی ضرورت ہے کہ آپ کی معلومات حاصل کرنے کی ضرورت کو پُورا کیا جائے کہ ان دنوں دُنیا میں کیا ہورہا ہے۔ گیری۔

گیری:

'آئی ایم آ واچ مین منسٹری' کی ٹیم اس بات کے قابل تھی کہ ریپچر کے بارے میں اندازہ لگاسکے کیونکہ انجیل میں پیشن گوئیوں نے یہ نوٹ کیا کہ وہ واقعہ ہونے والا تھا۔ انجیل کا ایک تہائی حصہ اپنی نوعیت کے اعتبار سے پیشن گوئیوں کا ہے۔ انجیل میں 1،000 سے زائد پیشن گوئیاں کی گئی ہیں اور اُن میں سے 900 بالکل ایسے ہی پُوری ہوئی ہیں جیسا اُنہیں بتایا گیا تھا۔ باقی کو ابھی پُورا ہونا ہے۔ انجیل کا پیشن گوئی پوری ہونے کا ریکارڈ 100٪ درست ہے۔ انجیل کی کسی بھی پیشن گوئی غلط ثابت نہیں ہوئی، حالانکہ بہت لوگوں نے صدیوں تک ایسا کرنے کی کوشش کی۔ پوری کی گئی انجیل کی پیشن گوئیاں، خُدا کے الفاظ کی حُرمت کی تصدیق کرتی ہیں۔ یہ حقیقت کہ ریپچر آچکا ہے، اس کی تصدیق کرتی ہے، اور مَیں بلامُبالغہ یہ کہہ سکتا ہُوں کہ انجیل کی پیشن گوئی اسی طرح پُوری ہوگی جس طرح الہامی کتابوں، میتھیو، ڈینیئل، ایزیکیئل، زکاریا، عیسایا، اور مزید میں نشاندہی کی گئی ہے۔ ہمارے دل آپ کے لیے اس وقت دُکھتے ہیں۔ آئیے میں ایک خُلاصے کا اشتراک کروں کہ کس بات کی توقع کرنی چاہئیے۔

دُنیا میں تبدیلی اور مصائب کا ایک ناپیش بین موسم کا تجربہ ہونے والا ہے، ایک نیا اور ہولناک عالمی رہنما جس کو اس کے وقت میں دجّال کے نام سے جانا جائے گا، وہ اقتدار پائے گا اور اس کے ساتھ نئے عالمی معاشی، مذہبی اور عسکری نظامات ساتھ آئیں گے۔ آخرکار، یہ سب اُس کے ماتحت آجائیں گے۔ دجّال سات سال تک دُنیا پر حکومت کرے گا۔ یہ سب سے مشکل، سب سے زیادہ ظلم و بربریت والے سات سال ہوں گے جن ک آج تک دُنیا نے سامنا کیا ہے۔ ممکن ہے آپ ذاتی طور پر بدی کے ہولناک اور تشویشناک افعال دیکھیں۔ یہ دور، جسے مصائب کا دور کہا گیا ہے، حق اور باطل کی ایک شاندار جنگ سے عبارت ہوگا۔ سیّارہ زمین پر لاکھوں ارواح کی دائمی منزل داؤ پر لگی ہوئی ہے۔ دو چیزیں ایک ساتھ ہوں گی۔ دُنیا کے مسائل کے بظاہر شاندار جوابات کے ساتھ دجّال اقتدار پر براجمان ہوگا۔ ماورائی مگر بدی کی حامل بصیرت اور صلاحیتوں کے ساتھ، وہ ایک رحم دل اور شاندار آدمی لگے گا، جو ایک بااثر اور کرشماتی رہنُما ہے۔

مگر وقت آنے پر وہ خُود کو سب سے زیادہ بُرا انسان دکھائے گا جو آج تک کبھی زندہ رہا ہے۔ وہ لوگ جو اس کی قیادت سے مزاحمت کریں گے یا انجیل کے اصل خُدا کی عبادت کرنے کی جُرات کریں گے، اُن کو شدید ظلم کیا جائے گا۔ اُس کے اقتدار کے ساڑھے تین سالوں بعد، ایک بہت بڑی کوشش کی جائے گی کہ ایسے تمام افراد کو اکیلا، قید اور مار دیا جائے جو اس کی مُخالفت کرتے ہیں۔ یہ ظلم اور یہ جنگیں اور معاشی مُشکلات جن کو دجّال لے کر آئے گا، ان سے کروڑوں لوگ مارے جائیں گے۔ انجیل یہ نوٹ کرتی ہے کہ تقریباً دُنیا کی آدھی آبادی دو بڑی لہروں میں ختم ہوجائے گی۔ دجّال مجسمِ بدی ہے اور اس میں کسی اچھائی کا ہونا محض دنیا کو دھوکہ دینے کا ایک طریقہ ہے۔ اسی وقت، جب دجّال اقتدار میں آئے گا، تو خُدا اشارات، معجزات، پیغمبروں اور فرشتوں کے ذریعے پیغامات کے ذریعے، دوبارہ مضبوط ہونے اور یہاں تک کہ مشکلات کے ذریعے، اب سب باتوں کے ذریعے، خُدا دُنیا کو یہ یاد دلائے گا کہ انجیل سچّی ہے اور یہ کہ اپنا بھروسہ مسیح پر رکھ کر نجات حاصل کی جاسکتی ہے۔ نہ اللہ پر نہ بُدھا یا ہندو بھگوانوں پر۔ نہ ٹرانشمانزم، ٹیکنالوجی یا آرٹیفیشیئل انٹیلی جنس پر۔

نجات بس خدا کے کرم سے مسیح پر ایمان کے ذریعے ممکن ہے۔ یہ اب آپ کا دوسروں کے لیے پیغام ہے۔ یہ آپ کا مشن ہے کہ جتنا بآواز بلند اور جتنا طویل ممکن ہوم اسے شیئر کریں تاکہ یسوع مسیح پر آپ کے بھروسے کے ذریعے نجات پائی جاسکے۔ اس مصائب کی مدت کے دوران، یہاں جنگیں، قحط سالی، زہریلا پانی، زلزلے، تکالیف ، ناقابلِ برداشت حرارت اور غیرمعمولی تاریکی چھائے گی۔ مگر بہت سے افراد کے لیے یہ ایک اہم موڑ ہوگا کہ نجات کے لیے مسیح پر ایمان لے آئیں۔ بہت سے افراد خُدا پر ایمان لے آئیں گے اور ایک زیر زمین چرچ پیدا ہوگ۔ یہ ممکن ہے کہ بہت سے طریقوں سے، آخری دنوں کا چرچ، اس ابتدائی عیسائی چرچ کے مانند ہوگا جس پر رومی حکومت کی جانب سے سخت ظُلم کیا گیا۔ کیا آپ جانتے تھے کہ 100 اور 400

عیسوی میں اپنے ایمان کی وجہ سے تقریباً بیس لاکھ عیسائیوں کو موت کے گھاٹ اُتار دیا گیا۔ یہ ایک حیران کُن تعداد ہے، خصوصاً جب اس وقت کی آبادی کی شرح کو دیکھا جائے۔

بدقسمتی سے مصائب کا وہ دور، جس میں آپ جی رہے ہیں اور ایمان رکھنے والے پر جو ظلم دجّل ڈھائے گا، یہ اور بھی زیادہ بدتر ہوگا۔ کیونکہ ہم آپ کی فکر کرتے ہیں، ہم آپ کے ساتھ ایک تلخ حقیقت کا اشتراک کریں گے۔ اس شدت کو کسی طرح شگرکوٹ نہیں کیا جاسکتا کہ آپ کس چیز کا سامنا کریں گے۔ آپ کی واحد امید، یسوع مسیح پر ایک قائم و دائم ایمان ہے۔ یہ ناممکن ہے کہ وہ آپ کو مصائب کے اس دور میں بچائیں مگر وہ آپ کے ساتھ کھڑے ہوں گے اور آپ کو طاقتور بنائیں گے اور آپ کو سکون دیں گے جب آپ مصائب کا سامنا کریں گے۔ اس حقیقت سے ہمت پکڑیں کہ بہت ساری صدیوں تک دیگر بہادر عیسائی آپ سے پہلے گُزرے ہیں۔ انہوں نے دکھایا ہے کہ یہ ممکن ہے کہ ایمان میں مضبوط رہا جائے اور خدا کی شہادت دی جائے، چاہے وہ مصائب میں گھرے ہوں، چاہے اس کے لیے اُن کی جان چلی جائے۔ آپ پہلے نہیں ہیں اور آپ اکیلے نہیں ہیں۔ دوسرے لوگ بدی کے خلاف سینہ سپر ہوئے ہیں اور آپ بھی ایسا کرسکتے ہیں۔ عزیز دوست، آپ کی طرح نئے ماننے والوں کی گواہی سے، دنیا بھر میں لاکھوں افراد اس سات سالہ مصائب کے دور میں خُدا پر ایمان کی جانب رُخ کریں گے۔

آپ دنیا کی تاریخ میں انجیلی بشات کے سب سے عظیم دور میں جی رہے ہیں۔ اس بات کا یقین کریں کہ آپ کا ایک کردار ہے۔ آپ ان آخری دنوں میں خُدا کا ایک طاقتور اور وفادار گواہ بن کر ایک عظیم احیاء کا حصہ بن سکتے ہیں۔ یہ آسان نہیں ہوگا مگر وہ لوگ جو آپ سے پہلے گُزرے، اُنہوں نے ایک مثال قائم کی ہے، اور وہ لوگ جنہوں نے اچھی طرح اختتام کیا ہے وہ ایک عظیم انعام پائیں گے۔ تاریخ کی اس گھڑی میں ایک چوکیدار کی ضرورت ہے۔ چوکیدار کی اصطلاح ایک انجیلی اصطلاح ہے۔ ایک چوکیدار، عظیم ہمت اوریقین کا حامل فرد ہوتا ہے۔ ایک واچ مین یا چوکیدار عسکری افواج کی خصوصی قوتوں کی طرح ہے۔ چوکیدار پیش اقدامی کرتے ہیں، دلیر افراد ہوتے ہیں، تیزی سے اشتراک، تیزی سے قُربانی، تیزی سے حرکت کرتے ہیں۔ واچ مین یہ سیکھنے کے لیے مطالعہ کرتے ہیں کہ خُدا نے ماضی میں کیا کیا ہے اور وہ یہ شیئر کریں گے کہ خُدا مستقبل میں کیا کرنے والا ہے۔ واچ مین دوسرے لوگوں کی رُوحانی فلاح و بہبود کی فکر کرتے ہیں۔ وہ دیکھتے ہیں اور وہ تنبیہہ کرتے ہیں۔ وہ تاریکی میں روشنیوں کی طرح جگمگاتے ہیں، سب کی مدد کرتے ہیں کہ انسانیت کے لیے خُدا اور اس کے نجات کے منصوبے کو تھامے رکھیں۔

جی ہاں، آپ ان آخری دنوں میں خُدا کے کام میں ایک اہم کردار ادا کرسکتے ہیں۔ دوست، مَیں آپ کو چیلنج کرتا ہوں کہ نہ صرف خُدا پر بھروسہ کریں بلکہ خُدا کے لیے ایک واچ مین کی صورت میں واقعی خُدا کے لیے جئیں۔ آپ کی سیکھنے میں مدد اور ایمان کو بڑھانے کی مدد کرنے کے لیے، "آئی ایم آ واچ مین منسٹری" نے مفت مواد کی ایک لائبریری تیّار کی ہے جسے آپ ڈاؤن لوڈ کرسکتے ہیں۔ اس کو ایک ریپچر کٹ کہا جاتا ہے۔ اسکاٹ اور مجھے یہ یقین ہے کہ ریپچرکٹ میں کتابیں اوردستاویز اور تدریسی مواد ایک قابلِ قدر ریسورس کی نمائندگی کرتے ہیں جس سے آپ فائدہ اُٹھانا چاہیں گے۔ یاد رکھیں، وفادار ایمان رکھنے والے افراد، جنہوں نے انجیلی اساتذہ ار پادریوں کے طور پر خدمت کی، وہ افراد جنہیں دوبارہ جی اُٹھنے کا تجربہ ہوا، ان سب کو ریپچر میں لے لیا گیا ہے۔ اصلی چرچ جاچُکا ہے۔ لہٰذا، اب کے لیے، جہاں خُدا منسٹری کے رہنماؤں کی اگلی نسل کو پروان چڑھا رہا ہے، ہم آپ کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ ان موادوں پر شدت کے ساتھ تکیہ کریں۔ یہ آپ کی یہ بات جاننے میں مدد کریں گے کہ کیا صحیح ہے، وہ آپ کی مدد کریں گے کہ کیا ہونے والا ہے اور یہ کہ جو آرہا ہے، اس کے لیے کیا تیاری کی جائے۔

اس سے آپ کو انجیل کوسمجھنے میں مدد ملے گی اور ان روحانی سچائیوں کو شیئر کرنے اور ان کی تدریس میں جو انجیل میں موجود ہیں۔ مجھے یہ پیغام واپس اسکاٹ کو دینے دیں جو یہ بیان کریں گے کہ کس طرح ریپچر کٹ میں موجود ریسورسز کو استعمال کیا جائے۔

اسکاٹ:

عزیز دوستو، مَیں اب آپ کو بھائیوں اور بہنوں کہوں گا، اگر آپ نے مسیح کی تقلید کرنے اور اپنی باقی زندگی اُن کے نام وقف کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے۔ اب میرے یہ وقت ہے کہ آپ سے شیئر کروں کی کس طرح اُس معلومات کی شاندار گہرائی تک رسائی حاصل کی جائے جو گیری نے اور میں نے اور "آئی ایم آ واچ مین منسٹری" کی ٹیم نے آپ کے لیے تیار کی ہے۔ یہ وہ جگہ ہے جہاں ہم، آپ کے ساتھی بھائی اور بہ، جو آپ سے پہلے گئے ہیں، وہ آپ تک یہ ذمہ داری منتقل کررہے ہیں۔

raptutrkit.org کی ویب سائٹ پر آپ ایک آپشن پائیں گے کہ فائلز اور فولڈرز کے ایک مکمل سیٹ کو ڈاؤن لوڈ کرکے اپنی ذاتی ریپچر کٹ بنائیں۔ یہ اسکرین شاٹس ہیں جن میں مرحلہ وار ہدایات اور کئی ویڈیو ٹیوٹوریئلز دیے گئے ہیں جو آپ کو مددگار لگیں گے۔ یہ بہت سارا ڈیٹا ہے تو تحمل سے کام لیں، اگر اس میں آپ کو کچھ وقت لگے، ہوسکتا ہے کہ بہت سارے گھنٹے۔ گیری اور مَیں یہ خیال کررہے ہیں کہ بہت سے افراد ابھی ڈاؤن لوڈنگ بھی کررہے ہیں جب ہم بات کررہے ہیں، تو ہوسکتا ہے کہ یہ معمول سے زیادہ سست رفتار ہو۔ تحمل سے کام لیں اور ہمت نہ ہاریں۔

اگر ڈاؤن لوڈز میں باربار مداخلت ہو تو کوشش کریں اور دوبارہ آزمائیں۔ آپ کو کوشش کرنی ہوگی۔ آپ کا مقصد یہ ہے کہ ان تین ڈاؤن لوڈ سائٹس کا لنک تلاش کریں جو ہم نے پہلے ہی سے تیار کرلیا ہے۔ باکس ڈاٹ کا، ڈراپ باکس ڈاٹ کام، یا سِنک ڈاٹ کام،اور ہر وہ چیز ڈاؤن لوڈ کریں جو آپ کرسکتے ہیں۔ ان ریسورسز میں دو ویڈیو پریزینٹیشنز ہیں کہ ریپچر کے دوران کیا ہوا ہے۔ انجیل کے کئی پی ڈی ایف ورژنز ہیں تاکہ آپ کے پاس مطالعے کے لیے ہر وقت ایک موجود ہو۔ ہمارے پاس بہت سے موضوعاتی حلقوں کا احاطہ کرنے کے لیے پی ڈی اید ای بکس ہیں، جن میں مسیح کی کہانی شامل ہے، جسے ایک انجیلی مطالعے کے طور پر دوسروں کو تعلیم دینے کے لیے استعمال کیا جاسکتا ہے۔ وہاں ایک ساڑھے پانچ گھنٹے طویل پریزینٹیشن ہے جس میں 14 موضوعات کا احاطہ کیا گیا ہے جس کا عنوان ہے "مصائب کے دور کے بزرگوں کو کیا باتیں جاننے کی ضرورت ہے جس سے آپ آنے والی باتوں کا مقابلہ کرسکیں"۔ ہم نے تجربہ کار پادریوں سے بہت سے خطبات اکٹھا کیے ہیں، کُچھ آڈیو فارمیٹ میں ہیں اور کُچھ ویڈیو میں، تاکہ آپ اپنے لیے سیکھیں اور انجیلی سچ کو دوسروں تک پہنچا سکیں۔

احاطہ کرنے کے لیے بہت کچھ ہے، تقریباً 25 گیگا بائٹس کا ڈیٹا۔ آپ کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ ان ریسورسز کو اپنے پی سی یا میک پر ڈاؤن لوڈ کریں اور ان کو ایک 32 گیگا بائٹ یو ایس بی ڈرائیو پر کاپی کرلیں جتنی بار آپ کرسکیں، جتنی دیر آپ کرسکیں۔ جب اپ کسی کو دیکھیں جسے الہامی پیغام سننے کی ضرورت ہے اور خُدا کے الفاظ کے شاندار سچ کو دریافت کرنے کی ضرورت ہے، تو آپ یا تو ان کو یو ایس بی ڈرائیو دے سکتے ہیں یا اس سے بہتر یہ ہے کہ آپ ان کے کمپیوٹر یا ڈیوائس میں اسے کاپی کرسکتے ہیں تاکہ آپ کے پاس اصل موجود رہے اور آپ جس سے ملیں اسے یہ دینا جاری رکھیں۔ ریکارڈ کے لیے آپ ایسا اتنی بار کرسکتے ہیں جتنا آپ مفت کرنا چاہیں۔ ہم ایسا کرنے کے لیے آپ کی پُرزور حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔ اس ریپچرکٹ ریسورس میں مواد کو پھیلائیں۔ یہ اب آپ کا مشن ہے۔ میں اپنے حصے کا اختتام یہ کہہ کر کرنا چاہوں گا کہ مَیں آ کو ایک دن دیکھنےکا منتظر ہوں۔ ان کے ساتھ دوبارہ ایک عظیم ملاقات ہوگی جو آپ سے پہلے موت یا ریپچر میں جاچُکے۔

اگر آپ کے شریکِ حیات یا بچوں میں سے کسی کو ریپچر میں لیا جاچکا ہے تو بس یہ جان لیں کہ وہ ہمارے ساتھ جنّت میں محفوظ ہیں اور آپ ان کو جلد دیکھیں گے۔ مگر یہ بات اہم ہے کہ آپ اب اپنا ایمان، عقیدہ، اور بھروسہ مسیح پر رکھ لیں۔ اپنے فیصلے کو معلق نہ چھوڑیں کیونکہ زمین پر بہت سے افراد کے ساتھ، آپ کبھی بھی موت کو آتا نہ دیکھ سکیں گے۔ یہ بہترین ہے کہ آپ اپنے دائمی مستقبل کو اس خطرے میں نہ ڈالیں۔ آپ کو تنبیہہ کی جاتی ہے۔ اور اس سے بھی بڑھ کر یہ کہ گیری اور مَیں آپ سے محبت کرتے ہیں اور آپ کو اپنے ساتھ جنّت میں دیکھنا چاہتے ہیں۔ مَیں ایک حتمی تنبیہہ پر گفتگو سمیٹتا ہُوں۔ یہ انتہائی اہم ہے کہ درندے کے نشان سے بچا جائے اور اچھی طرح اختتام کرنے کی کوشش کی جائے۔ آپ نے شاید ریپچر کو مس کردیا ہو اوع یہ آپ کے لیے انتہائی مشکل ہو مگر ابھی بھی دیر نہیں ہوئی۔ ان موضوعات پر مزید کا احاطہ، ریپچر کٹ میں دیئے گئے ڈاؤن لوڈ لنکس اور مواد میں ہوگا۔ خُدا آپ کا حامی و ناصرہو۔ آپ اس موسم میں بہت ترقّی کریں۔

گیری:

مسیح پر بھائی اور بہنو! مَیں آپ کو مضبوط رہنے کے لیے آپ کی حوصلہ افزائی کرنا چاہتا ہُوں۔ بہت کچھ سیکھنے اور بہت کچھ کرنے کی ضرورت ہے، مگر خدا مدد کرے گا۔ آپ لڑکھڑاسکتے ہیں مگر خدا معافی دینے میں جلدی کرتا ہے اور آگے بڑھنے میں آپ کی مدد کرتا ہے۔ کلید یہ ہے کہ اس پر بھروسہ کیا جائے اور ہمت نہ ہاری جائے۔ شیطان یہ سرگوشی کرسکتا ہے، "یہ کام تمہارے لیے بہت مُشکل ہے۔" یا "اب چھوڑ دینے کا وقت آگیا ہے۔" یا "آپ قابل نہیں ہیں"۔ ایک جھوٹے کی بات نہ سُنیں۔ یہ جانیں کہ خُدا آپ سے محبت کرتا ہے۔ اس نے آپ کو یہ آخری وقتوں میں موقع دیا ہے کہ دوبارہ ترتیب دیں اور اس کے لیے جئیں۔ یاد رکھیں کہ وہ لوگ جو اس کے لیے اچھا جیتے ہیں اور اس کے لیے اختتام کرتے ہیں، وہ اس سے زیادہ پائیں گے جس کا کسی نے تصور نہیں کیا ہوگا۔ ایمان باقی رکھیں۔ طاقتور رہیں۔ اسکاٹ اور میں اور ہمارے شریکِ حیات اور "آئی ایم آ واچ مین منسٹری" کی ٹیم آپ کو جلد دیکھنے کے مُنتظر ہیں۔ خُدا آپ پر رحمتیں نازل کرے۔